discipleship essentials

روحانی رہنماؤں کیلئے اہم باتیں

رہنمائے مطالعہ

# خاندانی زندگی

## سبق-2 شادی کیلئے تیاری

# تعارف

یہ سبق ''شاگرد بنانے کیلئے اہم باتیں'' کے ماڈیول بعنوان 'خاندانی زندگی'' کا حصہ ہے۔ یہ سلسلۂ اسباق گھر میں روحانی لیڈرشپ کا جائزہ لیتا ہے جس میں مسیحی خاندان کی صحتمندانہ تعمیر ہوتی ہے۔اسکو بائبل مقدس کی بنیاد پر خاندانی تفہیم سے شروع کیا جاتا ہے۔اور ایسے عنوانات پر غور کرتا ہے جیسے شادی کیلئے تیاری۔زندگی کے ساتھیوں کے درمیان بہتر مفاہمت۔مالی انتظام اور بچوں کی تربیت اور رہنمائی۔اس سلسلۂ اسباق کا یہ نظریہ ہے کہ روحانی رہنمائی گھر سے شروع ہوتی ہے اور اس ضمن میں مرد اور عورت کے خاص کردار ہیں۔یہ سبق گھرانوں کیلئے خدا کے بہترین ڈیزائن کو پیش کرتا ہے اور اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ آج کی دُنیا میں خاندان کئی شکلوں میں نظر آتے ہیں۔اس سبق سے شادی شدہ اشخاص کو اور انہیں جو والدین کا کردار نبھا رہے ہیں اور ان جوان اشخاص کو جو مستقبل میں صحتمند تعلقات پیدا کرنا چاہتے ہیں۔فائدہ گا۔

رہنما برائے مطالعہ ایسے افراد کیلئے بنایا گیا ہے کہ وہ ازخود سبق کو گہرائی سے دیکھ سکیں۔یہ سبق شاگرد بنانے کے دیگر مواد جیسے ویڈیو اور آڈیو پروڈکشن کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے۔جسے آپ www.discipleshipessentials.org پر دیکھ سکتے ہیں۔

---

کتاب مقدس کی آیات کا ترجمہ پاکستان بائبل سوسائٹی کے ترجے کے مطابت کیا گیا ہے۔جمہ حقوق محفوظ ہیں۔

۲۰۱۹۔ٹرانس ورلڈ ریڈیو کا باقی کا تمام مواد کسی بھی طریقے سے استعمال کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ آپ اُسے دُنیا کو مسیح سے متعارف کرانے میں استعمال کریں۔اور دوسروں سے اس مٹیریل کے استعمال کی قیمت وصول نہ کریں۔ لائسنس کی تفصیلات کیلئے دی گئی ویب سائٹ پر دیکھئے

www.discipleshipessentials.org/licensing

# خاندانی زندگی

## سبق-2 شادی کیلئے تیاری

### یہ کس بارے میں ہے؟

اس سبق میں شادی کے مقصد کو معلوم کیا جاتا ہے اور ایسے اہم موضوعات کے متعلق سوچا جاتا ہے جنہیں کامیاب شادی کے بندھن کی تیاری کیلئے زیرِ بحث لانا چاہیے۔

### تاکہ آپ جان سکیں۔

بچوں کی اچھی پرورش۔ مضبوط کمیونٹی کی تعمیر اور پھلدار کلیسیا بنانے میں شادیاں پختہ بنیاد ہیں۔ جب دو شخص اکٹھا کام کرتے ہیں تو اُن میں ذہنی دباؤ اور تصادم ہو سکتا ہے۔ لیکن شادی میں دو شخص ایک ہو جاتے ہیں اور یہ کام مشکل بھی ہو سکتا ہے۔ اس لئے تمام مسیحیوں کو شادی سے پہلے خوب تیار ہونا چاہیے۔ یہ سبق شادی کے مقصد کے متعلق بیان کرتا ہے اور شادی سے پہلے صلاح کاری اور اہم مسائل جن کی شادی میں یکجا ہونے سے پہلے ضرورت ہوتی ہے عملی نصیحت کرتا ہے۔ اگر آپ شادی کی تیاری کر رہے ہیں تو آپ کو اِن کاموں کا خود بندوبست کرنا ہوگا۔ اگر آپ بطور مشیر یا روحانی رہنما کسی اور کی شادی کی تیاری میں مدد کر رہے ہیں تو اس متن کا جاننا مدد کا باعث ہوگا کہ آئندہ بننے والے جوڑے سے کن باتوں پر تبادلۂ خیال کیا جائے۔

## آغاز

**1.** آپ کے والدین کی شادی کیسی تھی؟ دوسروں کی شادی کے کونسے رشتے آپ کے آئیڈیل شادی کے تصور پر اثر انداز ہوتے ہیں؟۔

**2.** شادی کے دوسرے ساتھی میں لوگ، خاص کیا دیکھنا چاہتے ہیں؟ آپ شادی کے ساتھی میں کیا دیکھنا چاہتے ہیں یا چاہا تھا؟

# مطالعہ:

- **آخرشادی کیوں؟** ۔خدا کے ڈیزائن کے مطابق سنِ بلوغت میں خواتین وحضرات شادی کے بندھن میں شامل ہوں گے ۔ایک جوان شخص اپنے خاوند یابیوی کو پاناچاہے گااور شاید حیران بھی ہوکہ خدانے شادی کے متعلق کیا کہا ہے؟ کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جنہیں خدا کنوارہ یاغیر شادی شدہ حالت میں بلاتا ہے ۔ہم میں زیادہ لوگ شادی کرنے کی خواہش اور موقع ڈھونڈتے ہیں ۔
  - **زبردست صورت** ۔ہمارے لئے خدا کاڈیزائن یہ ہے کہ ہم اسکا جلال ظاہر کریں اور دنیا کو ہم میں خدا کی صورت نظر آئے ۔ایک عمدہ شادی اپنے اردگرد ماحول میں ایسی صورت دکھائے گی۔
    - جب شوہر اپنی بیویوں کیلئے پُروقار ،محنتی اور پُرمحبت شخصیت ہوں تو دنیا اس کو دیکھے گی ۔
    - جب بیویاں اپنے شوہروں کی عزت کریں اور اُن سے وفادار ہوں تو دیدنی گواہی ہوں گی ۔
    - ازدواجی محبت خادمانہ رویے کا تقاضا نہیں کرتی بلکہ وہ اپنے زندگی کے ساتھی کو اولیت دیتی ہے ۔اس قسم کی محبت ہمارے لئے خدا کی لا تبدیل قربانی بھری محبت ہے جو انجیل کی بنیاد ہے ۔
    - ازدوجی محبت خداوند مسیح اور کلیسیا کی تصویر پیش کرتی ہے ۔اس میں بھی وفاداری درکار ہے ۔بالکل ایسے جیسے خداوند مسیح اور کلیسیائی زندگی کو جنم دیتی ہے ویسے ہی شوہر اور بیوی کے درمیان رشتہ ہے ۔
  - مضبوط شادی کے کیانتائج نکلتے ہیں؟کسی کمیونٹی میں کیا ہوگا اگر یہ جوڑوں سے بھری ہو جن کی شادی شدہ زندگی مضبوط اور خوشی سے بھری ہو جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے ۔

| |
|---|
| |

- **شادی کا عہد** ۔شادی کوئی عارضی عہد نہیں ہے جسے سرسری انداز میں لیا جائے ۔کلام مقدس اسے عہد گردانتی ہے ۔اسے بہتر سمجھنے کیلئے ہمیں لفظ ’’عہد‘‘ کے معنی سمجھنے چاہیں ۔
  - **خدا کا ہمارے ساتھ عہد کا تعلق** ۔خدا ہمارے ساتھ ایک عہد باندھتا ہے جسے وہ اپنی قوت سے برقرار رکھتا ہے ۔یہ سنجیدہ قسمیں نشانات ،وعدوں اور شرائط کے ساتھ ہیں ۔یہ دو پارٹیوں کو رشتوں کی ڈور میں باندھتی ہیں ۔بعض اوقات یہ کئی رشتوں سے بھی مضبوط ہوتی ہیں ۔لوگوں کے درمیان عہود ایسی قسمیں ہیں جو خدا کے سامنے کھائی جاتی ہیں ۔
  - نیچے دیے گئے عہدوں پر غور کریں ۔وہ کن کے درمیان ہیں؟ ۔یہ رشتہ کیسا تھا؟

| | |
|---|---|
| پیدائش 9 : 9 -16 | |
| پیدائش ۔ 15<br>یعقوب 2 : 22 -23 | |
| خروج 24 : 1 -8 | |
| 1۔سیموئیل 18 : 1 -5 | |
| یرمیاہ 31 : 31 -34<br>مرقس14 : 22 -24 | |

> **عہد کے نشانات** ۔ بہت پہلے جب لوگ ایک دوسرے کے ساتھ عہد باندھا کرتے تھے ۔تو اس قَسم سے متعلق بہت ساری رسمیں ادا کی جاتی تھیں ۔

- وہ ایک دوسرے سے وعدہ وعید کرتے ہوئے خدا کے نام کی قسم کھاتے تھے ۔
- اُس عہد کا نشان یا یادگار ہوتی تھی ۔
- دونوں اشخاص ایک ہوجاتے یعنی دوست اور بھائی سے بھی قریب ہوجاتے ۔
- وہ زندگی بھر ایک دوسرے کا دفاع کرتے تھے ۔
- اس عہد کیلئے قربانی کی جاتی یا اس قربانی کیلئے خون کی تشبیہہ دی جاتی ۔

**اس عہد کی اہمیت** ۔ خدا نے ہم سے اپنے لا تبدیل وعدے کا اظہار کرنے کیلئے عہد کا اجراء کیا۔ جب ہم نافرمان بھی ہوجاتے ہیں تو بھی خدا کا عہد اسکی وفاداری کی وجہ سے قائم رہتا ہے ۔شادی میں بھی، ہم اپنے زندگی کے ساتھی کے ساتھ، خدا کے سامنے ایک عہد باندھتے ہیں ۔ یہ بھی اس نیت سے باندھا جاتا ہے کہ یہ نہ کبھی ٹوٹے گا۔ نہ تبدیل ہوگا اور نہ ہی اسے معمولی سمجھا جائیگا۔ جب شادیاں ٹوٹ جاتی ہیں تو وہ جو کبھی ایک تھا دو حصوں میں بٹ جاتا ہے ۔ جو کچھ خدا کیلئے اور خدا نے بنایا تھا برباد ہوجاتا ہے ۔ ذرا غور کریں کہ درج ذیل آیات شادی کے عہد کے متعلق کیا کہتی ہیں ۔

| | |
|---|---|
| پیدائش2 : 15 | |
| ملاکی2 : 14 -16 | |
| لوقا16 : 18 | |

o **بائبل مقدس کے مطابق شادی کو سمجھنا۔** بائبل مقدس شادی کے متعلق اور ہمارے انتخاب کے متعلق بہت کچھ بیان کرتی ہے۔ اگر چہ درج ذیل آیات آدمیوں سے متعلق ہیں لیکن ان میں بیان کردہ اصول زندگی کے دونوں افراد کیلئے ہیں۔ اِن پر غور کریں۔

| شادی سے متعلق بائبل مقدس کے احکامات | |
|---|---|
| اگر ہمیں انتخاب کرنا ہو تو ہمیں دوسرا ساتھی ایماندار چننا چاہیے۔ | 2۔ کرنتھیوں 6 : 14 |
| اپنے زندگی کے ساتھی سے ہمیں محبت کرنی چاہیے اور اس سے محظوظ ہونا چاہیے۔ | غزل الغزلات 1 : 2 , 4 : 10<br>امثال 5 : 18 -19؛ افسیوں 5 : 25 |
| ہمیں باقی تمام رشتوں سے زیادہ اپنے زندگی کے ساتھی کو فوقیت دینی چاہیے۔ | پیدائش 4 : 24؛ افسیوں 5 : 31 |
| ہمیں جنسی اعتبار سے پاک ہونا چاہیے۔ شادی کے علاوہ جنسی مجامعت نہیں کرنی چاہیے۔ | 1۔ کرنتھیوں 6 : 13؛<br>2۔ کرنتھیوں 12 : 21؛ کلسیوں 3 : 5 |
| ہمیں اپنے زندگی کے ساتھی کی عزت کرنی چاہیے۔ اور ایک دوسرے سے بہترین سلوک کرنا چاہیے۔ | امثال 12 : 4؛ امثال 18 : 22<br>امثال 20 : 6 -7 |
| ہمیں صرف اپنے زندگی کے ساتھی کی ہی خواہش کرنی چاہیے۔ دوسروں کو شہوت کی نگاہوں سے نہیں دیکھنا چاہیے۔ | متی 5 : 28؛ یعقوب 1 : 14 -15<br>1۔ کرنتھیوں 7 : 1 - 5 |
| ہمیں اکٹھے رہنا چاہیے۔ ایک دوسرے کی مدد کیلئے تیار رہنا چاہیے اور اپنے زندگی کے ساتھی سے زندگی بھر کیلئے وفادار رہنا چاہیے۔ | 1۔ کرنتھیوں 7 : 10؛<br>افسیوں 5 : 25 -28؛ استثنا 24 : 5<br>1۔ پطرس 3 : 7 |

> بائبل مقدس کا شادی سے متعلق نظریہ آپ کی سوسائٹی کے نظریے سے کیسے مختلف ہے؟

> مسیحی جوڑا اپنی شادی سے خدا پر ایمان اور فرمانبرداری کو کیسے دکھا سکتا ہے؟

O **شادی کیلئے تیاری:** نئے کام کیلئے تربیت کی ضرورت ہوتی ہے۔ نئے پراجیکٹ کیلئے منصوبہ بندی۔ فصل کیلئے کھیت تیار کرنا پڑتا ہے۔ شادی بھی اِن سے مختلف نہیں ہے۔ اچھی شادی کیلئے ہمیں اچھی تیاری کرنی چاہیے۔ اسکا کچھ حصہ تو شخصی ہے۔ اور کچھ حصہ زندگی کے دوسرے آئندہ کے ساتھی کا ہوتا ہے۔ غیر حقیقی خواب۔ توقعات جو پوری نہیں ہوتیں اور رابطہ نہ کرنے کی نااہلی شادی کو شروع ہونے سے پہلے ہی برباد بھی کرسکتی ہے۔ اور یوں دونوں کیلئے دکھ اور انتشار کا باعث بن سکتی ہیں۔

- **مدد حاصل کرنا**۔ یہ آئیڈیل ہوگا کہ منگیتر جوڑا پاسبان ۔مشیر ۔ایلڈر یا دوسرے روحانی رہنما سے تیاری کیلئے مدد لیں ۔ایک جوڑے کی خواہش ہوسکتی ہے کہ کسی پاسبان سے ملے تا کہ شادی کی رسموں کی تیاری کر سکے ۔لیکن اس تیاری میں یہ بات سب سے آخر میں آنی چاہیے ۔
- **بلا مدد** ۔اگر آپ شادی کرنے کا پلان بناتے ہیں اور آپ کے پاس کوئی مدد کرنے والا نہیں ہے تو آپ اس میں دیئے گئے مواد کو مدد کیلئے استعمال کر سکتے ہیں ۔اگر آپ کے خاندان نے آپ کی منگنی کسی سے طے کر دی ہے جو باایمان نہیں اور آپ کو اس سے لازمی شادی کرنی ہے تو یہ مواد پھر بھی آپ کی مدد کرے گا۔
- فردِ واحد ہونے کی صورت میں مندرجہ ذیل دیا ہوا چارٹ آپ کو شادی کیلئے تیار کرے گا۔تبادلہء خیال کیلئے آپ اپنے ہونے والے ساتھی کے ساتھ مل کر اہم موضوعات پر یہ سوال استعمال کر سکتے ہیں ۔

o **شخصی تیاری** ۔ہر شخص جو شادی کرنے کا منتظر ہے اسے محتاط انداز میں تیار ہونا چاہیے ۔اس بات کا احساس رکھیں کہ آپ کبھی بھی کامل نہیں ہوں گے اور نہ ہی آپ کی زندگی کا ساتھی بالکل کامل ہوگا۔لیکن درج ذیل باتیں آپ کو شادی سے پہلے تیار ہونے میں مدد دیں گی ۔

- **اپنے تعلقات خدا کے ساتھ بنائیں** ۔مسیحی ہوتے ہوئے ہماری پہلی اور دائمی ذمہ داری خدا کی ذات ہے ۔ہمارے تعلقات جتنے ہی خدا سے مضبوط ہوں گے اتنے ہی زیادہ آپ پیار کریں گے اور پیار کئے جائیں گے ۔خدا کے ساتھ اپنی روش پر غور کریں ۔آپ کو اپنے کس روحانی ڈسپلن کی ضرورت ہے ۔
- **پاکیزگی پانے میں لگے رہیں** ۔غیر شادی شدہ خواتین وحضرات کو پاکیزہ رہنے میں لگے رہنا چاہیے ۔انہیں شائستہ لباس پہننا چاہیے تاکہ دوسروں کو آزمائش میں نہ ڈالیں ۔انہیں ایک دوسرے سے عزت واحترام سے پیش آنا چاہیے ۔اُن کے رویے اور خیالات میں پاکیزگی ہونی چاہیے ۔(زبور 119 : 9؛ 1۔کرنتھیوں 4 : 3 -8؛ 2۔کرنتھیوں 10 : 3 -5)
- **اپنی تیاری کے لئے سوچیئے** ۔بعض اوقات شادیوں کا انتظام خاندان کرتے ہیں اور حالات ایسے ہو جاتے ہیں کہ لوگ شادی کے وقت کا فیصلہ نہیں کر پاتے ۔تاہم اسکی توقع کرتے ہوئے درج ذیل سوالات خود سے کیجئے ۔(مناسب عمل کا انتخاب کیجئے ۔

| آدمیوں کو یہ سوال پوچھنے چاہیں ۔ | |
|---|---|
| o۔کیا میں اپنی بیوی اور گھرانے کیلئے اُن کی ضرورتیں پوری کر سکتا ہوں؟<br>o۔کیا میں زندگی بھر اس شخص سے وفادار رہتے ہوئے پیار کر سکوں گا اور اسکی خدمت کر سکوں گا؟۔<br>o۔کیا میں اپنی بیوی کی رہنمائی کر سکوں گا جس طرح خداوند یسوع نے میری رہنمائی کی اور اپنے نئے خاندان کی ذمہ داری لے سکوں گا؟۔ | |

| | خواتین یہ سوال پوچھیں۔ |
|---|---|
| | o۔کیا میں اپنے گھر کی دیکھ بھال کر سکتی ہوں اور ماں بن سکتی ہوں؟<br>o۔کیا میں زندگی بھر اس شخص کی وفادار رہتے ہوئے عزت و احترام کر سکتی ہوں؟<br>o۔کیا میں اپنے خاوند کی رہنمائی میں چل سکتی ہوں اور اپنے روحانی تاثر سے اس کی ہمت افزائی کر سکتی ہوں؟۔ |

o **ایک ساتھ تیاری کرنا**۔کئی شادیاں بڑی بھونڈی شروع ہوتی ہیں۔اسلئے تکلیف اور مایوسی کا شکار ہو جاتی ہیں اسلئے کہ اُن کی توقعات پوری نہیں ہوتیں اور اُن میں کمزور رابطہ ہوتا ہے۔اس لئے بھی کہ اُن میں شادی سے پہلے محتاط مشیر جو کافی مدد دے سکتا تھا اہم موضوعات پر دیانتدارانہ محتاط تبادلہء خیال نہیں ہوتا۔آپ اور آپ کے ساتھی بڑی دیانتداری سے ہر ایک سوال کا جواب دیں۔ایک مشیر یا روحانی لیڈر جو بحث کے دوران آپ کے ساتھ ہو وہ متعلقہ باتوں کو پرکھنے میں مدد کر سکتا ہے جنہیں بعد میں زیرِ بحث لایا جا سکتا ہے۔

| توقعات |
|---|
| ہر ایک شخص اپنی زندگی کے ساتھی سے کچھ توقعات رکھتا/رکھتی ہے۔انہیں شادی سے پہلے زیرِ بحث لانا چاہیے۔ہر شخص کو اپنی لسٹ بنانی چاہیے۔<br>o۔دس ایسی توقعات جو وہ اپنے دوسرے زندگی کے ساتھی سے توقع کرتا/کرتی ہے۔<br>o۔ایسی دس توقعات جنہیں وہ دوسرے شخص میں اپنی شادی میں دیکھنا چاہتا یا چاہتی ہے۔<br>اِن فہرستوں کو بلند آواز میں ایک دوسرے کو پڑھ کر سنانی چاہیے یا انہیں صلاح کاری کے سیشن میں لانا چاہیے اور مشیر کو بحث کے دوران بتانی چاہیے۔اگر اِن سے دونوں میں سے ایک شخص خطرہ محسوس کرتا یا اِن توقعات سے حیران ہوتا ہے تو اُن کی توضیح کیلئے وقت دیجئے۔دونوں میں سے ہر شخص اس سوال کا جواب دے۔ o۔**آپ شادی کیوں کرنا چاہتے ہیں؟** |

| مالی معاملات |
|---|
| o۔ہماری آمدنی کہاں سے آئیگی؟ کیا یہ بٹے گی یا یہ کسی ایک کو سونپی جائیگی؟<br>o۔کیا ہم خاندان سے یا دوسروں سے مالی مدد قبول کریں گے؟<br>o۔کیا دونوں گھر سے باہر کام کریں گے یا ایک ہی کام کریگا؟ اور جب بچے ہوں گے تو کیا یہ طریقہ بدل جائیگا؟<br>o۔ہمارے پسندیدہ پیشے کیا ہوں گے؟ یا ہم کیا کام کریں گے؟ انہیں پانے کیلئے ہمارے لئے کیا ضروری ہے؟ |

| |
|---|
| o۔ پیسے کے ضمن میں کون بہتر ہے؟ گھریلو پیسے کے انتظام کو کون سنبھالے گا؟<br>o۔شادی میں کتنا ادھار لیا گیا؟ اسے دینے کے متعلق کیا سوچا گیا ہے؟<br>o۔ہمارا ماہانہ بجٹ کیسا نظر آتا ہے؟ (ہمارے ضروری اخراجات کیا ہیں؟ وہ کونسے اخراجات ہیں جنہیں ہم چھوڑ سکتے ہیں۔کیا ہم اس پر متفق ہیں؟)<br>o۔کتنے پیسے خداوند خدا کے کام کیلئے دیئے جائیں گے؟<br>o۔ہم کتنے پیسے دوسروں کی مدد کے لئے الگ کریں گے؟ وہ پیسے کن کو دیئے جائیں گے؟<br>o۔اس کے علاوہ ایک جوڑے کو اخراجات یعنی دینے اور لینے کے لئے بجٹ بنانا چاہیے۔اس کام کیلئے انہیں اپنی آمدن کا پورا علم ہونا چاہیے۔ |

| خاندان |
|---|
| ہمارے اپنے خاندانی اخراجات اور اپنی ثقافتی توقعات ہمارے خاندانی خیالات کو وضع کرتے ہیں۔ایک نئے جوڑے کیلئے ضروری ہے کہ اُن کا اپنا نیا خاندان کیسا نظر آتا ہے؟۔اسکے لئے انہیں متفق ہونا پڑے گا۔<br>o۔ہم کہاں رہیں گے؟ کیا ہمارا گھر اپنا ہوگا۔کرایے پر ہوگا یا ہم اپنے والدین کے ساتھ رہیں گے اور کس مقام پر رہیں گے؟<br>o۔ہمارے کتنے بچے ہونے چاہیں اور کب ہونے چاہیں؟<br>o۔ہمارے بچوں کی نگہداشت کون کرے گا؟<br>o۔ہم اپنے بچوں کے نظم وضبط اور تربیت کے متعلق کیا سوچتے ہیں؟ اس کیلئے کون ذمہ دار ہوگا؟<br>o۔بچوں کی تعلیم کیسے اور کہاں ہوگی؟<br>o۔اپنے معمر والدین کی دیکھ بھال کا کیا ہوگا؟ کیا ہم اپنے سسرال کے والدین کی دیکھ بھال کرنے میں اعتراض کریں گے؟<br>o۔ہم اپنے والدین کے ساتھ کتنا وقت گزاریں گے؟ ہم انہیں کب اور کہاں ملا کریں گے؟ ہم اپنی چھٹیاں کیسے گزاریں گے؟<br>o۔میں گھر کے کام کاج میں کہاں تک ذمہ دار ہوں گا؟ میرا زندگی کا ساتھی کیا کرے گا؟<br>o۔کھانے کے لئے میز کون لگائے گا؟۔کھانا کون پڑوسے گا؟۔اور کھانے کے بعد صفائی وغیرہ کون کرے گا؟<br>o۔ ہم اپنے نئے نویلے خاندان کو اپنے آبائی خاندانوں سے مختلف دیکھنا کیسے پسند کریں گے؟ یہ کن باتوں میں ویسا ہی رہے گا؟<br>o ہمارے والدین نے ہماری پرورش میں کیا درست کام کیا؟ ہم اُن سے کیا مختلف کریں گے؟<br>o۔ہم اپنے بچوں کو اپنا عقیدہ کیسے بتائیں گے؟ اور ایک گھرانے کے طور پر خدا کی عبادت کیسے کریں گے؟ |
| |
| |
| |

# رابطہ کرنا۔

اپنے زندگی کے ساتھی کے ساتھ جھگڑے کو مٹانے۔ایک دوسرے سے رابطہ کرنے اور معاونت کرنے کی اہلیت سے آپ کی شادی شدی زندگی کی کوالٹی بہتر ہو گی۔شادی سے پہلے یہ چند سوالات ہیں جنہیں آپس میں زیرِ بحث لانا چاہیے۔ پہلے سے ہی جھگڑوں سے نپٹنے کا منصوبہ بنانا بڑا ضروری ہے۔دونوں کو مشورہ دینے والا ایک دوسرے کی محتاط انداز میں سنے اور جہاں تک مناسب ہو کسی سمجھوتے پر لائے۔

- آپ ایک دوسرے کو کب سے جانتے ہیں؟۔
- آپ ایک دوسرے میں کیا پسند کرتے ہیں؟۔
- کیا آپ نے کبھی ایک دوسرے سے بحث کی ہے؟ آپ نے اسے کیسے نپٹایا؟
- آپ کے مزاج کیسے ہیں؟۔
- آپ اپنی زندگی میں رکاوٹوں سے کیسے بنردآزما ہوتے ہیں؟ کس بات سے آپ زیادہ پریشان ہوتے ہیں؟۔
- جب آپ کے سامنے رکاوٹیں اور پریشانی ہوتی ہے تو آپ کا زندگی کا ساتھی آپ کی کیسے مدد کرتا ہے؟۔
- کیا آپ کی زندگی کا ساتھی بات کو غور سے سنتا/سنتی ہے؟ یا وہ چیزوں کو بہتر بناتے ہیں؟۔
- جب آپ آئندہ زندگی میں غیر متفق ہوتے ہیں تو اسکا نتیجہ کیا ہوگا؟۔
- کیا آپ صاف ستھرے یا غیر منظم شخص ہیں؟ کیا آپ ذمہ دار یا باغی فطرت کے مالک ہیں؟۔
- آپ کی زندگی میں خدا کی اہمیت کے متعلق کیا اعتقادات ہیں؟۔
- آپ کس مقام پر کلیسیا میں عبادت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں؟۔آپ کتنی بار عبادت کیلئے جائیں گے؟ اور اس میں کہاں تک شمولیت کریں گے؟
- آپ اپنے زندگی کے ساتھی کی اسکے ایمان میں کیسے ہمت افزائی کریں گے؟۔
- آپ کی صحت کیسی ہے؟ کیا آپ کو کوئی بیماری یا کوئی کمزوری ہے؟۔
- کیا آپ نشہ کے عادی ہیں یا آپ کو کئی بُری عادت ہے؟۔
- کیا آپ کی ماضی کی کوئی بات ہے جس سے آپ کا زندگی کا ساتھی ناواقف ہے؟۔
- کیا آپ نے پہلے کسی سے شادی کی ہے یا کسی کے ساتھ آپ کے جنسی تعلقات رہے ہیں یا آپ کے پہلے سے بچے ہیں؟َ۔
- گھر سے باہر آپ اپنے دوستوں اور ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ کتنا وقت گزارنا قابلِ قبول ہے؟۔
- کیا کسی وقت جنس مخالف کے ساتھ کچھ وقت بیتانے کی اجازت ہے؟
- اگر آپ اپنے زندگی کے ساتھی کو بے وفا پاتے ہیں تو کیا ہوگا؟۔
- آپ ایک ساتھ کیسے وقت گزاریں گے؟ گھر میں آپ کیلئے شام گزارنا کیسے آئیڈیل ہوگا؟۔
- آپ کن مشاغل اور کاموں میں حصہ لیتے ہیں جس کی وجہ سے آپ گھر سے باہر رہتے ہیں؟۔
- آپ کی زندگی کا ساتھی کیا کرسکتا/سکتی ہے جس سے آپ محسوس کریں کہ آپ کو پیار کیا جاتا ہے؟ آپ اُن سے کیا کرنے کا ارادہ کرتے ہیں کہ آپ کی محبت ظاہر ہو؟۔

- خدا کے جلال کیلئے تیاری کرنا۔شادی سے پہلے اورشادی کے دوران شادی شدہ جوڑوں کوشادی کے مقصد کوملحوظِ خاطر رکھنا چاہیے۔ یعنی خدا کا جلال ظاہر کرنا چاہیے اور دنیا کو اسکی صورت دکھانی چاہیے۔جب میاں اور بیوی متفق ہوتے ہیں تو شادی کی وحدت کی یہ خوبصورت تصویر ہوتی ہے۔چونکہ شادی دو غیر کامل شخصوں کے درمیان ہوتی ہے جو جھگڑ سکتے ہیں۔ایک دوسرے کو بات بتانے میں مشکل پیش ہو سکتی ہے اور ایک دوسرے سے اختلاف ہوسکتا ہے۔لیکن جوڑے میں مفاہمت کیلئے رابطے کی اہلیت سیکھنا اِن تضادات میں مدد کا باعث ہوسکتا ہے۔ ازدواجی معاملات کے مشیر اور صلاح کار خدا کے مقصد کو اُن کی زندگی اور شادی میں کامیابی سے پورا کرنے کے قابل بنا سکتے ہیں۔اور انہیں خوشی سے ہمکنار کر سکتے ہیں۔

## تلخیص:

- ہم میں سے کئی لوگ خدا کے ڈیزائن سے شادی کریں گے۔شادی، ہمارے لئے خدا کی محبت کی اعلیٰ صورت ہے اور انجیل کو بیان کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔
- شادی ایک عہد ہے۔جو مرد اور عورت میں ایک سنجیدہ اور یکجا کرنے کا عہد ہے جس سے رشتہ بنتا ہے اور نیا خاندان جنم لیتا ہے۔
- شادی میں ہمیں کیا فوقیت دینی چاہیے بائبل مقدس میں اس کیلئے ہدایات اور احکام ہیں۔
- شادی سے پہلے ہمیں اچھی طرح تیار ہونے کیلئے وقت لینا چاہیے۔ہمیں پاسبان یا کسی مشیر سے مدد لینی چاہیے اور اہم معاملات جیسے مالی اور خاندانی معاملات کو زیرِ بحث لانا چاہیے۔

## انعکاسی سوالات:

1. آپ کے خیال میں وہ کونسی بہتر چیز ہے جس سے جوڑا شادی کیلئے عمدہ تیاری کرسکتا ہے؟

2. آپ اپنی کلیسیا اور کمیونٹی میں شادی کو باعزت بنانے میں کیسے حصہ بن سکتے ہیں اور جوانوں کو شادی کیلئے اچھی طرح تیار کر سکتے ہیں؟۔